ملکہ | فریفتہ | حکمران | اَن پَڑھ | مشہور



# حبہ خاتون

بچو!

حبہ خاتون کا اصلی نام زون تھا۔ وہ چند ہار پانپور میں پیدا ہوئی۔ اُس کے والد کا نام عبدی راتھر تھا۔ زون کو پانچ سال کی عمر میں مقامی مسجد کے امام صاحب کے پاس قرآن مجید پڑھنے کے لیے بھیجا گیا۔ دو سال کے بعد زون نے کچھ فارسی کتابوں کی تعلیم بھی حاصل کی۔

زون کی شادی ایک اَن پڑھ لڑکے سے ہوئی۔ سُسر، ساس اور اپنے شوہر کی جی جان سے خدمت کرنے کے باوجود بھی سسرال والے زون کو پریشان کرتے تھے۔ دُکھ کے ان ہی حالات میں زون درد بھرے اشعار کہنے لگی۔ اللہ تعالیٰ نے زون کو خوبصورتی



کے ساتھ ساتھ میٹھی اور پُر اثر آواز بھی عطا کی تھی ۔ دل کا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے زون اپنے درد بھرے اشعار گاتی تھیں ۔ اس طرح اُن کی شاعرہ ہونے کی بات دور دور تک پھیل گئی ۔

زون یہ اشعار لے کر پانپور کے صوفی بزرگ خواجہ مسعودؒ کے پاس جاتی تھی ۔ انہوں نے زون کو حبہ خاتون نام دیا اور وہ اسی نام سے مشہور ہوئیں ۔ ایک دن اُس وقت کے حکمران یوسف شاہ چک پانپور کے علاقے کی سیر کرنے کو نکلے، اُنہوں نے حبہ خاتون کی میٹھی آواز سُنی اور وہ اُس پر فریفتہ ہوا ۔ بعد میں یوسف شاہ چک نے حبہ خاتون کے ساتھ نکاح کیا اور وہ کشمیر کی ملکہ بنی ۔

حبہ خاتون کے درد بھرے اشعار آج بھی کشمیریوں کی زباں پر ہیں ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ حبہ خاتون پاندریٹھن میں مسجد حبہ خاتون کے قریب دفن ہیں ۔

## ا. آؤ معنی یاد کریں:

| | | |
|---|---|---|
| اَن پڑھ | : | جس نے پڑھا نہ ہو |
| حکمران | : | حاکم، بادشاہ |

    

ملکہ : بادشاہ کی بیوی، رانی

فریفتہ : عاشق، دلدادہ، دیوانہ

## ۲. مختصر جواب لکھیے

☆ حبہ خاتون کا اصلی نام کیا تھا؟

☆ حبہ خاتون کہاں پیدا ہوئیں؟

☆ حبہ خاتون کے باپ کا نام کیا تھا؟

☆ زون کو ''حبہ خاتون'' کا نام کس نے دیا؟

☆ حبہ خاتون کشمیر کی مَلکہ کیسے بنیں؟

## ۳. جُملے بنائیے:

| | | |
|---|---|---|
| کشمیری | | بہت گائے جاتے ہیں۔ |
| حبہ خاتون کے | گیت | بہت مقبول ہیں۔ |
| رسول میر | | رسیلے ہوتے ہیں |
| محمود گامی کے | | درد بھرے ہوتے ہیں |

    

## ۴. ''ا'' کے ہر جُملے کا دوسرا حصہ ''ب'' میں تلاش کر کے جُملے مکمل کیجیے

| (ا) | (ب) |
|---|---|
| عبدی راتھر ایک معمولی | درد بھرے شعر کہتی تھیں |
| زوٗن اپنے ساس، سُسر کی | مَلکہ بنیں |
| دُکھ کی اِس حالت میں وہ | بہت عزت کرتی تھیں |
| حبہ خاتون کی آواز | کسان تھا |
| حبہ خاتون کشمیر کی | بہت میٹھی تھی |

## ۵. خالی جگہوں کو دیے گئے الفاظ سے پُر کیجیے:

ملکہ میٹھی اشعار شوق

☆ دل کا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے زون اپنے درد بھرے ..........گاتی تھیں

☆ اللہ تعالیٰ نے حبہ خاتون کو................آواز عطا کی تھی

☆ حبہ خاتون کشمیر کی ................ بنی

☆ حبہ خاتون کو پڑھنے کا بہت ........... تھا

## ٦. مذکر اور مونث الگ الگ کر کے لکھیے :

باپ عورت لڑکی بیٹی

سسر شوہر شہزادہ







## ۷. دیئے ہوئے اشاروں کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ش | |
| | ن | و | ز |
| م | ل | ق | |
| | | | |

اشارے

دائیں سے بائیں

☆ حبہ خاتون کا نام.................تھا

☆ ہم .................سے لکھتے ہیں

اوپر سے نیچے

☆ زون کو پڑھنے کا کافی.......................تھا

☆ .................کا پانی ضائع مت کیجیے

## ۸. کرنے کا کام

استاد حبہ خاتون کی شاعری کے بارے میں بچوں کو ہلکی پھلکی جانکاری دے اور ساتھ ہی اُن کو حبہ خاتون کا کوئی مشہور گیت ترنم کے ساتھ سنائیں